ماریشس کے وفد کی ملاقات

بعد ازاں جماعت احمدیہ ماریشس کے وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت پائی۔ ماریشس سے امسال 30 رافراد پر مشتمل وفد آیا تھا۔

حضور کے استفسار پر وفد کے ممبران نے بتایا کہ جلسہ سالانہ کے انتظامات بڑے منظّم طریق پر تھے اور ہم سب نے جلسہ سے بھرپور استفادہ کیا۔

رہائش کے حوالہ سے ممبران نے بتایا کہ ہماری رہائش جلسہ گاہ میں ہی تھی۔ اس وجہ سے ہم نے پانچوں نمازیں حضور انور کی اقتداء میں ادا کیں اور روحانی طور پر بہت فائدہ حاصل کیا ہے۔

ایک نوجوان نے عرض کیا کہ میں یہاں کوبلنز یونیورسٹی (Koblenz University) جرمنی میں تعلیم حاصل کر رہا ہوں۔ سول انجینئرنگ کر رہا ہوں۔ اس پر حضور انور نے فرمایا۔ خدا تعالیٰ فضل فرمائے۔

ماریشس کے وفد کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے یہ ملاقات بارہ بجکر 35 منٹ تک جاری رہی۔

آخر پر تمام ممبران نے باری باری فیملی وائز اپنے پیارے آقا کے ساتھ تصاویر بنوانے کی سعادت پائی۔